معمون کی کتاب ہوتی تو آپ جو چاہے کرتے، مگر خدا کے بندو! یہ تو تاریخ ہے، ہماری تاریخ، ہماری تصویر، ہمارا چہرہ ــــ اور اسے پیش کرنے والی شخصیت کوئی نکھٹو ں پر بیٹھنے والا آدمی نہ تھا، نور احمد کی معروفِ عام شخصیت تھی، جس کو علم بھی حاصل تھا اور قلم بھی!

اُردو ڈائجسٹ (رحمۃ للعالمینؐ نمبر) مدیر مسئول: الطاف حسن قریشی - مقامِ اشاعت: ۲۱، ایکڑ اسکیم، سمن آباد، لاہور ۲۵ - ۳۷۴ صفحات (مع اشتہارات) - قیمت فی پرچہ -/۲۱ روپے - چندہ سالانہ بذریعہ رجسٹرڈ ڈاک -/۱۷۰ روپے -

اُردو ڈائجسٹ کا اپنا ایک مقام برسوں سے بنا ہے اور اس کا ہر عام شمارہ بھی اہم ہوتا ہے۔ لیکن سال میں دو تین بار وہ جو خاص نمبر شائع کرتا ہے، ان کی قدر و قیمت خاصی زیادہ ہوتی ہے۔ اس وقت رحمۃ للعالمینؐ نمبر (حصہ دوم) ہمارے سامنے ہے۔ اس نمبر کی قدر و قیمت موجودہ تاریک اور کربناک ماحول کی وجہ سے بہت بڑھ جاتی ہے۔ قوم جن انسانیت کش اور ایمان شکن مظالم اور پستیوں اور سازشوں اور فتنوں سے گزر رہی ہے، ان میں اگر اس کے سامنے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی زندگی اور سیرت اور تعلیمات کی کوئی جھلک لائی جا سکے تو شاید وہ کچھ نہ کچھ لوگوں پر اپنا اثر ضرور ڈالے گی۔ اُمید ہے کہ اُردو ڈائجسٹ کے اس نمبر سے یہ برکت حاصل ہو گی۔

مضامین کو پانچ حصوں: ۱- اسلامی نظامِ مملکت۔ ۲- اُصول سیاست، نظامِ عدالت اور انداز سفارت۔ ۳- دورِ رسالت میں صلح و جنگ کے مثالی واقعات۔ ۴- ایک عالم ثناخواں آپ کا (منظوم ہدیۂ عقیدت)۔ ۵- سیرتِ رسولؐ کے کچھ اور دل آویز گوشے ــــ میں بانٹا گیا ہے۔ علاوہ ازیں "مستقبل کے تیور" (اداریہ از الطاف قریشی) اور "تعارف و تبصرۂ کتب" (از طالب ہاشمی و ادریس صدیقی) بھی زینتِ اوراق ہیں۔ سرورق کے لیے شاندار ڈیزائن، خطاطی از فریدالدین احمد، رنگ کاری از عنایت اللہ!